# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

## جامعہ ملیہ اسلامیہ

### پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ کی پروفیسر ندا جمیل خان کو' اپی جینٹک تھیراپوٹکس فار ٹرپل نیگیٹو بریسٹ کینسر' پر تحقیق کے لیے آئی سی ایم آر کا موقر گرانٹ ملی

New Delhi, November 12, 2025

جامعہ ملیہ اسلامیہ کو یہ اطلاع دیتے ہوئے مسرت ہورہی ہے کہ ڈپارٹمنٹ آف بایوسائنس، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی پروفیسر ندا جمیل خان کو انڈین کونسل آف میڈیکل رسرچ (آئی سی ایم آر) نے تقریباً ترپن لاکھ کی موقر تحقیقی گرانٹ منظور کی ہے۔ یہ انتہائی مقابلہ جاتی تحقیقی گرانٹ کینسر بایولوجی اور مولکولر جینٹکس کے میدان میں پروفیسر خان کی غیر معمولی خدمات کو اجاگر کرتا ہے اور اپی جینیٹک تھیوراپٹکس فار ٹرپل۔نیگیٹو بریسٹ کینسر (ٹی این بی سی) کے میدان میں اہم تحقیق کو مدد دے گا۔

ہندوستان میں بایومیڈیکل رسرچ کے میدان میں آئی سی ایم آر کی گرانٹ ایک مہتم بالشان اعزاز ہے۔ یہ گرانٹ پروفیسر خان اور ان کی ٹیم کو خاکہ بنانے، تیار کرنے اور ٹی این بی سی پروگریشن میں اہم اپی جینٹک بایومیکر میں شامل بی ایٹ ان ہبیٹر کو ٹارگیٹ کرنے کے قابل بنائے گی۔ پروجیکٹ کا مقصد ان سیلیکو ڈرگ ڈیزائن، ان ویٹرو ایسیز اور قبل علاج مطالعات کے ذریعے نئے تھیراپیائی اہداف کو شناخت کرنا اور علاج کے لحاظ سے پستان کے سرطان کے ذیلی اقسام کو چیلنج کرنے والے انتہائی جارح قسم کے علاج کے لیے نئے اور موثر معالجی تدابیر کی دریافت کرنا ہے۔

پروفیسر ندا جمیل خان نے کامیابی پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ ''آئی سی ایم آر سے مجھے یہ اعزاز ملنے سے میری انتہائی قدر افزائی ہوئی ہے۔ یہ گرانٹ ٹرپل نیگیٹو بریسٹ کینسر کے لیے بامعنی علاج میں کمپیوٹیشنل بصیرتوں کو ڈھالنے کے اہم موقع کی نمائندگی کرتی ہے۔ میں اپنی رسرچ ٹیم، اپنے ادارے جامعہ ملیہ اسلامیہ اور آئی سی ایم آر کا ان کے تعاون اور ان کی حوصلہ افزائی کے لیے ممنون و مشکور ہوں۔''

گرانٹ دو سال ملے گی جس سے ایڈوانسڈ تجربات ہوں گے، سرکردہ ماہرین کے ساتھ اشتراک ہوگا اور علاج معالجے کے نئے طریقے سامنے آئیں گے۔ یہ اقدام، انتہائی جدید ترین تحقیق کو فروغ دینا اور ہندوستان کو درپیش صحت کے اہم مسائل کو حل کرنے کے آئی سی ایم آر کے مشن سے ہم آہنگ ہے۔

پروفیسر ندا جمیل خان ممتاز کینسر بایولوجسٹ ہیں اور انہیں کینسر بایولوجی، مول کولر جینیٹکس اور سیل بایولوجی میں سولہ سال سے زیادہ کا تدریسی و تحقیقی تجربہ ہے۔ ان کی تحقیق پستان کے سرطان، اپی جینٹک، بایومیکر ڈسکوری، ڈرگ ٹارگیٹ آئیڈینٹی فیکیشن اور مولوکور پاتھ

وے کی وضاحت پر مرکوز ہے۔ پروفیسر خان نے کئی پی ایچ ڈی اسکالروں کی نگراں رہی ہیں اور اہم بین الاقوامی رسائل و جرائد میں ان کے مختلف تحقیقی مقالات شائع ہو چکے ہیں۔

انہوں نے اے آئی آئی ایم ایس (نئی دہلی) سینٹر فار سیلولر اینڈ مول کولر بایولوجی (سی سی ایم بی، حیدر آباد اور یونیورسٹی کالج لندن (یوسی ایل، برطانیہ)۔انسٹی ٹیوٹ آف گلوبل ایکسیلینس ان بایومیڈیکل سائنسس میں تربیت لی ہے۔ان کا تعلیمی سفر اور وسیع تحقیق، سائنسی اختراع اور ٹرانسلیشنل تحقیق میں افضلیت کے فروغ کے تئیں جامعہ کے عہد کو بدستور مضبوطی و استحکام دے رہی ہے۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ